NHS
Birmingham and Solihull
Clinical Commissioning Group

ختنہ سروسز برائے نوزائیدہ طفلان

برمنگھم اور سولی ہل میں

اپنے بیٹے کے لیے درست سروس کا انتخاب کرنے کے لیے گائیڈ

اگر آپ اپنے بچے کے ختنے کروانے پر غور کررہے ہیں، تو یہ کتابچہ یہ فیصلہ کرنے میں آپ کی مدد کرسکتا ہے کہ کونسی سروس استعمال کی جائے۔

آپ کو کیا جاننا درکار ہے

اگرچہ تمام لڑکے بغیر کسی مسئلے کے صحتیاب ہوجاتے ہیں لیکن تمام اپریشنوں کی طرح ختنے کروانے میں بھی نقصان کا احتمال تو رہتا ہی ہے۔ آپ کو احتیاط کے ساتھ خطرے کے بارے میں غوروخوض کرنا چاہیے اور اگر آپ پھر بھی ختنے کروانا چاہتے ہوں تو احتیاط سے پریکٹیشنر کا انتخاب کریں۔

این ایچ ایس صرف ایسے ختنوں کے لیے ہی رقوم ادا کرتا ہے جو طبی طور پر ضروری ہوں - ایسا شاذونادر ہی ہوتا ہے اور اِن میں وہ اپریشن شامل نہیں ہوتے جو کہ مذہبی اور ثقافتی بنیادوں پر کیے جاتے ہیں۔

جنرل میڈیکل کونسل (جی ایم سی) تسلیم کرتی ہے کہ ختنے مذہبی اور ثقافتی وجوہات کی بنا پر بھی کروائے جاسکتے ہیں۔ ہم سفارش کرتے ہیں کہ آپ پتہ کریں کہ اپریشن کرنے والا ڈاکٹر جی ایم سی کے ساتھ رجسٹرڈ ہے اور یہ کہ آپ کی منتخب کردہ سروس کی کیئر کوالٹی کمیشن (سی کیو سی) کی جانب سے معیار کی تصدیق کی گئی ہے۔

اِمکان اغلب ہے کہ آپ کو ختنوں کے لیے ادائیگی کرنا پڑے گی، چنانچہ یہ بات یقینی بنائیں کہ اپریشن سے قبل آپ نے تحریراً کل اخراجات پر اتفاق کرلیا ہو۔

عمر

ہم سفارش کرتے ہیں کہ آپ اپنے بیٹے کے ختنے جتنی بھی کم عمری میں ممکن ہوسکے اُتنی ہی کم عمری میں کروائیں۔ چنانچہ، سفارش کی جاتی ہے کہ آپ مجوزہ پریکٹیشنر سے مشورے کے لیے آغاز ہی میں رابطہ کریں۔ اگر آپ کا بچہ بڑا ہے یا آپ بلوغت میں ختنے کروانے کا سوچ رہے ہیں تو یہ مناسب نہیں ہوگا کہ ختنے کسی ہسپتال جیسی جگہ سے باہر کروائے جائیں، چنانچہ، براہ مہربانی اپنے جی پی کے ساتھ اپنی آپشنز کے بارے میں بات کریں۔

رضامندی

دونوں والدین اور/یا ذمہ داری برائے والدین کے حامل کیئرر کو اپریشن سے قبل رضامندی کا اظہار کرنا ہوگا۔ رضامندی کا مطلب یہ ہے کہ آپ اپنے بیٹے کے ختنے کروانا چاہتے ہیں اور یہ کہ اپریشن اور ممکنہ خطرات کی وضاحت آپ کو کردی گئی ہے۔

آپ کو سوالات پوچھنے کی آزادی ہونی چاہیے۔ تمام اچھے پریکٹیشنرز آپ کے سوالات کے جواب دے کر خوشی محسوس کریں گے۔ جو پریکٹیشنر آپ استعمال کریں اُس پر آپ کو اعتماد ہونا چاہیے۔

ختنے کرنے سے پہلے پریکٹیشنر کو آپ کے بیٹے کی صحت اور آپ کے خاندان کی صحت کے پس منظر کے بارے میں بات کرنی چاہیے۔ ختنے کروانے سے پہلے آپ کے بیٹے کی صحت اچھی ہونی چاہیے۔

اپنے بیٹے کے ختنے کروانے کے لیے میں کہاں جا سکتا/سکتی ہوں؟

برمنگھم اور سولی ہل میں یا دیگر علاقوں میں ختنے کرنے والے بہت سے سے پریکٹیشنرز موجود ہیں جو کہ سی کیو سی کے ساتھ رجسٹرڈ ہیں۔

تفصیل کے لیے، براہ مہربانی جائیے **www.cqc.org.uk/search** پر اور "ختنے" اور علاقہ یا محلِ وقوع ٹائپ کیجئے۔

ختنے ہونے کے دوران موجود رہنا

اگر آپ ختنے ہونے کے دوران اپنے بیٹے کے پاس رہنا چاہتے ہیں تو اُس فرد سے بات کریں جو کہ ختنے کرے گا۔ کچھ پریکٹیشنرز کو، تمام تر نہیں، کو آپ کی موجودگی پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا، چنانچہ جب آپ اُن سے پہلی بار رابطہ کریں تو اُن سے بات کرلیں۔

صاف اور سٹرلائز شدہ

جگہ صاف سُتھری ہونی چاہیے۔ سٹرلائز شدہ، یک وقتی استعمال والے آلات آپ کے بیٹے کو انفیکشن ہونے کے خطرے کو کم کرنے کے لیے استعمال کرنے چاہییں۔ ایک اچھا پریکٹیشنر ایسے آلات اور تکنیک استعمال کرے گا جو اپریشن کو ممکنہ حد تک محفوظ بنانے کے لیے بنائے گئے ہیں۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کا خاندان ختنے کے موقع پر خوشیاں منانا چاہتا ہو لیکن یاد رکھیں کہ ختنے کا عمل ایک اپریشن ہے اور یہ سٹرلائز شدہ آلات کے ساتھ کسی محفوظ مقام پر کیا جانا چاہیے جو کہ محفوظ اور صاف ہو۔

درد کا علاج

ختنے کروانا آپ کے بچے کے لیے تکلیف دہ ہوسکتا ہے۔ آپ کو بتایا جانا چاہیے کہ ختنے کیے جانے کے دوران درد پر قابو کیسے پایا جائے گا اور بعد میں آپ گھر پر درد میں کمی کیسے کرسکتے ہیں۔

ازاں بعد نگہداشت

آپ کے بیٹے کے ختنے ہونے اور خون رُکنے کے بعد کم از کم 30 منٹ تک اُسی جگہ پر رکھا جانا چاہیے۔ عملے کو آپ کو بتانا چاہیے کہ آگے کیا ہوگا اور آپ کو اپنے بیٹے کی نگہداشت کیسے کرنی ہے۔ جب آپ گھر جانے لگیں تو آپ کو ایک مفصل کتابچہ دیا جانا چاہیے جس میں تفصیل موجود ہو کہ کیسے اپنے بیٹے کی نگہداشت کرنی ہے اور مدد کیسے اور کہاں سے حاصل کرنی ہے اور کوئی سی علامات جن پر نظر رکھنے کی ضرورت ہو۔ آپ کو معمول کے اوقاتِ کار کے بعد رابطے کے لیے ایک رابطہ نمبر دیا جانا چاہیے۔

اگر ختنے ہونے کے بعد آپ اپنے بیٹے کے بارے میں تشویش میں مبتلا ہوں تو آپ کو فوری طور پر پریکٹیشنر سے بات کرنی چاہیے۔ اگر آپ اُن سے رابطہ نہ کر پائیں یا آپ اُن کے مشورے سے خوش نہ ہوں تو آپ کو این ایچ ایس 111 پر رابطہ کرنا چاہیے یا اپنے بیٹے کو مقامی A&E لے جانا چاہیے۔

یاد رکھیں، اگر آپ ختنے کروانے کے لیے آئیں اور آپ کسی چیز کے بارے میں مطمئن نہ ہوں یا آپ کسی وجہ سے اپنے بیٹے کی صحت کے بارے میں فکرمند ہوں تو آپ کو اِس وقت ختنے کروانے کے عمل سے گزرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ کسی بھی اچھے پریکٹیشنر کو آپ کو لاحق تشویش کو سُننا چاہیے اور اگر آپ خواہشمند ہوں تو ختنے کرنے کا دوبارہ بندوبست کرنا چاہیے یا عمل منسوخ کردینا چاہیے۔

شکایات

اگر آپ ملنے والی سروس سے خوش نہیں تو سب سے پہلے اُس پریکٹس سے بات کریں جس نے ختنے کیے ہوں۔ اگر آپ اُن کے جواب سے مطمئن نہیں ہوئے تو آپ جنرل میڈیکل کونسل یا نرسنگ اور مڈوائفری کونسل سے رجوع کرسکتے ہیں۔

خواتین کے عضاء مخصوصہ کی بریدگی

فی میل جینیٹل میوٹیلیشن ایکٹ (2003) کے تحت خواتین کے عضائے مخصوصہ کی بریدگی (ایف جی سی) غیر قانونی ہے - برطانیہ یا کسی دیگر ملک میں ایف جی سی کرنے یا یہ کروانے کا بندوبست کرنے کی پاداش میں آپ پر مقدمہ چلایا جاسکتا ہے۔ کسی بھی مجرم قرار پائے گئے شخص کو 14 سال قید کی سزا ہوسکتی ہے۔

خواتین کے عضائے مخصوصہ کی بریدگی کے کوئی طبی فوائد نہیں ہیں۔

سلامتی برائے بچگان

اگر آپ کسی بچے یا نوجوان کے بارے میں فکرمند یا تشویش میں مبتلا ہوں جس کے بارے میں آپ کو لگے کہ ہوسکتا ہے اِس کا استحصال کیا جارہا ہے، اِسے نظر انداز کیا جارہا ہے یا اِسے گزند پہنچائی جارہی ہے تو براہ مہربانی رابطہ کریں:

- سولی ہل ایم اے ایس ایچ ٹیم سے 0121 788 4300 پر (پیر تا جمعرات 8-45 بجے صبح - 5-20 بجے سہ پہر، جمعہ 8-45 بجے صبح - 4-30 بجے سہ پہر)۔ اگر آپ معمول کے اوقاتِ کار سے باہر فون کررہے ہیں (شام کو، اختتامِ ہفتہ کی تعطیل کے دن یا قومی تعطیل والے دن) تو ہنگامی ڈیوٹی ٹیم کو 0121 605 6060 پر فون کریں۔
- برمنگھم چلڈرنز ایڈوائس اینڈ سپورٹ سروس (سی اے ایس ایس) 0121 303 1888 اگر آپ معمول کے اوقاتِ کار سے باہر فون کررہے ہیں (شام کو، (اختتامِ ہفتہ کی تعطیل کے دن یا قومی تعطیل والے دن) تو ہنگامی ڈیوٹی ٹیم کو 0121 675 4806 پر فون کریں۔

اگر آپ کو کسی بالغ فرد کے بارے میں تشویش لاحق ہے جو بچوں کے ساتھ کام کرتا ہے یا اُسے اپنے کام کی جگہ پر براہ راست بچوں تک رسائی حاصل ہے، بطور تنخواہ دار عملے یا رضاکار - تو براہ مہربانی جائیں:

/http://www.lscbbirmingham.org.uk

http://solihulllscb.co.uk/report-abuse.php پر۔

سی سی جی سی رابطہ کرنا

اگر آپ این ایچ ایس برمنگھم اور سولی ہل سی سی جی سے رابطہ کرنے کے خواہشمند ہوں تو 0121 203 3300 پر فون یا bsol.comms@nhs.net پر ای میل کریں

کسی ختنہ سروس سے رابطہ کرتے وقت کچھ سوالات جو آپ پوچھنا چاہیں

کیا سروس مہیا کنندہ بہت سے کامیاب ختنے کرتا ہے؟

جتنے زیادہ ختنے وہ کرتے ہوں عام طور پر یہ بات اشارہ کرتی ہے کہ اپریشن اُتنا ہی محفوظ ہو گا۔ کم زا کم سالانہ تعداد 20 ہونی چاہیے لیکن جتنی زیادہ تعداد ہو گی اُتنا ہی بہتر ہوگا۔

کیا سروس مہیا کنندہ کا اندراج کیئر کوالٹی کمیشن (سی کیو سی) کے ساتھ ہوا ہے؟

یہ ہیلتھ کیئر کی سروس مہیا کنندگان کا ریگولیٹر ہے اور ختنے کرنے والی سروسز مع ڈاکٹروں اور نرسوں کے، کا اندراج ہونا چاہیے۔ www.cqc.org.uk پر جا کر ویب سائٹ ملاحظہ کیجئے یا 03000 616161 پر فون کیجئے۔

ختنے کرنے والے افراد کی تعلیمی قابلیت کیا ہونی چاہیے؟

چیک کریں کہ ڈاکٹرز جنرل میڈیکل کونسل کے ساتھ رجسٹرڈ ہوں۔ www.gmc-uk.org پر جائیں یا 0161 923 6602 پر فون کریں۔

اگر جراحی کا عمل نرس کی جانب سے کیا جارہا ہے تو چیک کریں کہ وہ نرسنگ اور مِڈوائفری کونسل کے ساتھ اندراج شدہ ہے یا نہیں۔ www.cqc.org.uk پر جا کر ویب سائٹ ملاحظہ کیجئے **www.nmc-uk.org** پر جائیں یا 020 7637 7181 پر فون کریں۔

کتنے مختلف لوگ آپ کے بیٹے کو نگہداشت اور خدمات مہیا کریں گے؟

کیا ڈاکٹر، نرسیں یا دیگر قسم کا عملہ آپ کے بیٹے کی دیکھ بھال کرے گا؟ کیا ڈاکٹر اُس جگہ پر موجود ہوگا؟

کیا سروس مہیا کنندہ تحریری مواد مہیا کرتا ہے جو سروسز اور فیس کی وضاحت کرتا ہو؟

یہ پیشگی دیکھنے کے لیے کہیں اور اگر آپ کو کسی چیز کی سمجھ نہ آئے تو اِس کی وضاحت کے لیے کہیں۔ سوالات پوچھنے سے مت ڈریں۔

کیا وہ کسی قسم کی خصوصی ضروریات پر بات کرنے کو تیار ہیں جو کہ آپ کو درکار ہوں؟

یہ بات یقینی بنائیں کہ وہ آپ کی ضروریات کے بارے میں بات سُنیں اور اِس پر عمل پیرا ہوں۔

کیا دستیاب کیئر اور سروسز کے بارے میں معلومات حاصل کرتے وقت وہ آپ سے عزت سے پیش آئے تھے؟ کیا وہ آپ کی ثقافتی اقدار اور عقائد کے بارے میں حساس ہیں؟

کلینیکل سروسز کو آپ کے ساتھ ہمیشہ احترام سے پیش آنا چاہیے۔

وہ پس از علاج کس قسم کی دیکھ بھال مہیا کرتے ہیں؟

آپ کو سروس میں کم از کم 30 منٹ تک ٹھہرنا چاہیے۔ وہاں سے جانے پر اُنہیں آپ کو 24 گھنٹے دستیاب ہیلپ لائن مہیا کرنی چاہیے جس پر عملہ موجود ہو یا عملے کا کوئی رکن نامزد کرنا چاہیے جس سے آپ رابطہ کرسکیں۔

جراحی کا عمل کب کیا جاتا ہے؟

اگر جراحی کا عمل ہفتے کے اختتام کے قریب کیا جاتا ہے تو کیا سروس مہیا کنندہ اختتامِ ہفتہ کے دوران مدد فراہم کرتا ہے؟

سروس مہیا کنندہ آپ یا آپ کے خاندان کی صحت کے بارے میں معلومات کو صیغۂ راز میں رکھنے کو کیسے یقینی بناتا ہے؟

اُنہیں محفوظ کمپیوٹر یا ریکارڈ کا نظام استعمال کرنا چاہیے۔

ہر سروس کے اخراجات کیا ہیں؟

اِن کی وضاحت واضح طور پر تحریراً کی جانی چاہیے۔

کیا وہ اِسی سروس کے لیے دیگرسروس مہیا کنندگان کی جانب سے وصول کردہ معاوضے سے مطابقت رکھتے ہیں؟

آپ کو متعدد سروسز کو اُن کے معاوضے کے بارے میں پوچھنا چاہیے۔

آپ کو بل کیسے دیا جائے گا؟

کیا کیئر پلان سے متعلق ادائیگی کرنے کی تمام آپشنز کو آپ کے بل پر صراحت سے بیان اور پیش کیا گیا ہے؟

آپ کو غور کرنا چاہیے کہ آپ پیشگی ادائیگی کرنا چاہتے ہیں یا بعد ازاں انوائس موصول کرنا چاہتے ہیں؟